سوال

کئی قضاء شدہ قربانیاں میرے اوپر ھیں اب میں ادا کرنا چاھتا ھوں کیا طریقہ ھوگا؟

جواب

فوت شدہ قربانیوں کی قضاء السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ گزشتہ سالوں میں میری کئی قربانیاں رہ گئی ہیں، اب میں ان کی قضاء کرنا چاہتا ہوں، اس کا کیا طریقہ ہے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! قربانی کے حکم میں اہل علم کا اختلاف ہے کہ یہ واجب ہے یا سنت موکدہ ہے، اور راجح مسلک کے مطابق یہ سنت موکدہ ہے۔ چونکہ قربانی سنت موکدہ ہے۔ لہذا جو اسے وقت پر ادا کرلے گا اسے ثواب مل جائے گا اور جو ادا نہیں کرسکے گا اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا اور نہ ہی اس پر اس کی قضاء واجب ہے۔ ہاں البتہ اگر قربانی کی نذر مانی ہو تو اسے پورا کرنا واجب ہے۔ اگر آپ زیادہ ثواب کمانا چاہتے ہیں تو پچھلی قربانیوں کی قضاء کی نیت کرنے کی بجائے آنے والی عید الاضحی پر ویسے ہی زیادہ قربانیاں کردیں۔ کیونکہ سنت ہونے کی وجہ سے قربانی کی قضاء تو ہے نہیں ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی

محدث فتوی